1711E1283

Candidate's Seat No :________

M.A. Sem.-3 Examination

504

Urdu (EA)

November-2025

Time : 2-30 Hours] [Max. Marks : 70

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال:۱ اُردو ادب میں غزل کے عہد بہ عہد ارتقاء پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردو میں غزل کے فن اور اس کی ہیئت پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

سوال:۲ غزل اور نظم کے درمیان فرق بنیادی فرق کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔ ۱۴

(یا)

"ولیؔ نے اردو غزل کو نیا موڑ دیا۔" اس قول کی وضاحت کیجئے۔

سوال:۳ میر تقی میرؔ کی غزل گوئی کے محاسن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کی غزل گوئی پر مفصل بحث کیجئے۔

سوال:۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) غزل کے اجزائے ترکیبی

(۲) اردو غزل میں پیکر تراشی

(۳) قلی قطب شاہ کی غزل گوئی

(۴) مومن خاں مومنؔ کی غزل گوئی

سوال:۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) اردو غزل کے تین اہم کردار میں عاشق اور معشوق کے علاوہ تیسرا کردار کون ہوتا ہے؟

(۲) ڈیڑھ مصرعے والی غزل کی صنف کا کیا نام ہے؟

(۳) قصیدے کے کس اجزاء سے الگ ہو کر غزل پیدا ہوئی؟

(P.T.O.)

(۴) ''اردو غزل کا عاشق اپنے محبوب کو اپنی آنکھوں سے نہیں اپنی تہذیب کی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔''
یہ کس ادیب کا قول ہے؟

(۵) کس کی اُردو شاعری دلی اور دل کا مرثیہ بن گئی؟

(۶) ڈاکٹر مناظر عاشق ہرگانوی نے ''غزل نما'' کی ایجاد کا سہرا کس کے سر باندھا ہے؟

(۷) غزل میں ''محاکات'' کے کیا معنی ہیں؟

(۸) جب مسلسل اشعار کی صورت میں ربط اور تسلسل کے ساتھ کلام پیش کیا جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(۹) ''غزل گو کو سب سے پہلے سرشتِ غزل کا پابند اور روایتِ غزل کے تسلسل کا نمونہ ہونا چاہئے۔''
مندرجۂ بالا مقولہ کس ادیب کا ہے؟

(۱۰) ولی کو اپنا معشوق کس نے کہا ہے؟

(۱۱) اردو میں ''نثری غزل'' کا پہلا تجربہ کس نے کیا اور کس سن میں؟

(۱۲) بت خانہ کھود ڈالئے، مسجد کو ڈھایئے
دل کو نہ توڑیئے یہ خدا کا مقام ہے
مذکورہ بالا شعر کے خالق کا نام کیا ہے؟

---تمام شد---